

# 11 خطوط ہی خطوط

4206CH11

## یہ کس کی لکیر ہے؟



آج فاطمہ کے اسکول میں کرکٹ کا ایک میچ ہے۔ فاطمہ جسبیر اور رائمہ تینوں اپنے اپنے اسٹمپ گھر سے لائی ہیں۔

انھوں نے انہیں کمرے کے ایک کونے میں رکھ دیا۔




فاطمہ نے اپنا اسٹمپ **سیدھا کھڑا** کر کے رکھ دیا۔

جسبیر نے اپنا اسٹمپ **ترچھا کھڑا** کر کے رکھ دیا۔

رائمہ نے اپنا اسٹمپ **سونے والی حالت** میں لٹا دیا۔



انھوں نے اپنے اسٹمپ کیسے رکھے ہیں یہ دوسرے بچوں کو دکھانے کے لیے انھوں نے ایک کاپی پر کچھ لکیریں بنائیں۔



فاطمہ نے ایک **سیدھی کھڑی لکیر** بنائی۔


جسبیر نے ایک **ترچھی لکیر** بنائی۔


رائمہ نے ایک **لیٹی ہوئی لکیر** بنائی۔

ہر بچے کو ان کی صحیح لکیر سے ملائیے۔

© NCERT not to be republished

یہاں پر کچھ سیدھی، کھڑی ، ترچھی اور لیٹی لکیریں ہیں۔ ایسی ہی کچھ اور لکیریں بنائیے۔










ایکتا کی لکیریں سیدھی نہیں ہیں۔ یہ منحنی ہیں۔ نقطوں کو ملاتے ہوئے کچھ منحنی لکیریں بنائیے۔




© NCERT not to be republished

## لکیروں کا کھیل





جگیا سا کے پاس ایک گھڑی ہے۔ وہ اُس گھڑی میں دیکھ کر اعداد کی مدد سے لکھا ہوا وقت اور ساتھ ہی اُس میں لکھے ہفتہ کے دن بھی بتا سکتی ہے۔ تمام اعداد اور حروف لکیروں کی مدد سے لکھے ہوئے ہیں۔ جگیا سا نے استعمال شدہ ماچس کی تیلیوں کا استعمال کرکے کچھ اور حروف اور اعداد لکھے۔




© NCERT not to be republished

- کچھ استعمال شدہ ماچس کی تیلیاں جمع کیجیے۔ ان تیلیوں کی مدد سے کچھ حروف اور اعداد بنائیے۔
- کیا کوئی ایسا حرف یا عدد ہے جو آپ تیلیوں کی مدد سے نہیں لکھ سکتے ؟





- اب کچھ اعداد کو سیدھی لکیروں کی مدد سے لکھیے۔
- حروف کو سیدھی لکیروں کی مدد سے لکھنے کے بارے میں کیا خیال ہے؟ کون سے آسان ہے؟



- ذرا معلوم تو کیجیے اور کہاں کہاں اعداد اور حروف سیدھی لکیروں کی مدد سے لکھے جاتے ہیں۔

## ناچتی ہوئی لکیریں



ریما نے ایک دن سڑک پر گاڑیوں کو آنے جانے کا اشارہ کرتے ہوئے ایک ٹریفک پولیس والے کو دیکھا۔


* کیا کبھی ٹریفک پولیس والا منحنی لائینیں بھی بناتا ہے؟ ____________

ریما نے ٹریفک پولیس والے کی طرح نقل کرنے کی کوشش کی۔ اس نے بہت سی سیدھی اور منحنی لکیریں بنائیں۔ اس کو بہت مزہ آیا۔ یہ بالکل ایک ناچ کی طرح ہی لگ رہا تھا۔




نیچے دی گئی ناچ کی تصویروں کی طرح آپ بھی کرنے کی کوشش کیجیے اور آپ بھی ریما کی طرح مزا اُٹھایے۔





© NCERT not to be republished

بہت سے کلاسیکل ڈانس جیسے بھارت ناٹیم اور اوڈیسی میں بہت سی جیومیٹریکل شکلیں بنتی ہیں۔ بچوں سے کہیے کہ وہ تصویروں اور ٹی۔وی پروگراموں میں مختلف طرح کی لکیریں اور شکلیں دیکھنے کی کوشش کریں۔

## نقطوں سے ڈیزائن بنانا

٭ نقطوں کو سیدھی اور منحنی لکیروں کی مدد سے ملایئے۔ اپنے ڈیزائن بنایئے۔



© NCERT not to be republished

## تصویروں میں لکیریں

نینسی نے فوک لک فنکاروں کی بنائی کچھ تصویریں دیکھیں۔

* مختلف طرح کی لائنیں دیکھیے — منحنی، سیدھی کھڑی ترچھی اور لیٹی ہوئی۔



* اسی طرح کی کچھ اور تصویریں بنائیے۔